نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

محکمہ زراعت پنجاب نے گندم کی فصل کیلئے آبپاشی کا شیڈول جاری کردیا

لاہور14 جنوری2025(   ): ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے حصول کیلئے بروقت اور مناسب آبپاشی نہایت اہم ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ **کپاس مکئی اور گنے کے بعد کاشتہ** گندم کو پہلی آبپاشی شگوفے نکلتے وقت یعنی بوائی کے 20 تا25 دن بعد، دوسری آبپاشی گوبھ کے وقت 80 تا90 دن بعد اور تیسری آبپاشی دانہ بننے کی ابتداء یعنی بوائی کے 125 تا130 دن بعد کرنی چاہیے۔**دھان کی فصل کے بعد کاشتہ** گندم کو پہلی آبپاشی بوائی کے 35 تا45 دن بعد، دوسری آبپاشی گوبھ کے وقت یعنی بوائی کے 80 تا90 دن بعد اور تیسری آبپاشی بوائی کے 125 تا130 دن کے بعد کرنی چاہیے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا ہے کہ **پچھیتی کاشتہ گندم** کو پہلا پانی بوائی کے 25 تا30 دن بعد، دوسری آبپاشی 70 تا80 دن بعد جبکہ تیسری آبپاشی بوائی کے 110 تا115 دن بعد کرنی چاہیے

☆☆☆☆